Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی‘ حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606‘ 15-23006612 (1370)‘ فیکس:23006606‘ ای میل:۔proffice@manuu.edu.in‘ ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

27/مئی 2019

# اُردو یونیورسٹی میں آج اور کل انٹرنس ٹسٹ

حیدرآباد، 27/مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں مختلف ریگولر کورسز میں داخلوں کے لیے انٹرنس ٹسٹ 28 اور 29/مئی 2019 کو صبح 10 بجے تا 12 بجے دوپہر اور دوپہر 2 بجے سے سہ پہر 4 بجے حیدرآباد کے علاوہ سارے ملک کے 16 مقامات پر منعقد ہورہے ہیں۔

ڈاکٹر ایم ونجا، ڈائرکٹر، نظامت داخلہ کے بموجب، پی ایچ ڈی (اردو، انگریزی، ہندی، عربی، فارسی، نظم ونسق عامہ، سماجی اخراج و اشتمالی پالیسی، صحافت و ترسیل عامہ)، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، اور ڈی ایل ایڈ میں داخلہ کے لیے انٹرنس 28/مئی کو صبح 10 بجے تا 12 بجے دوپہر منعقد ہوگا جبکہ پی ایچ ڈی (تعلیم، اسلامک اسٹڈیز، سوشل ورک، تاریخ، معاشیات)، ایم ایڈ، ایم سی اے کے لیے اسی دن 2 تا 4 بجے دن داخلہ امتحان لیا جائے گا۔

پی ایچ ڈی (مینجمنٹ، سماجیات، سیاسیات، مطالعاتِ ترجمہ)، بی ٹیک، ایم بی اے، بی ایڈ کے لیے انٹرنس 29/مئی کو 10 بجے صبح تا 12 بجے دوپہر منعقد ہوگا۔ پی ایچ ڈی کمپیوٹر سائنس، کامرس، مطالعاتِ نسواں، ریاضی، طبعیات، کیمیا، نباتیات اور حیوانیات) اور ڈپلوما ان انجینئرنگ (پالی ٹیکنیک) کا داخلہ امتحان 2 تا 4 بجے دن ہوگا۔ امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ امتحانی مرکز پر آدھا گھنٹہ قبل پہنچ جائیں۔ امتحان کے آغاز کے بعد داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔

طلبہ کی سہولت کے لیے دونوں دن حیدرآباد کیمپس کے لیے مین روڈ، ٹیلی کام نگر (گچی باؤلی) سے پالی ٹیکنیک بلڈنگ، یونیورسٹی کیمپس تک انتظامیہ نے مفت بس سروس کا نظم کیا ہے۔

داخلہ امتحان یونیورسٹی ہیڈکوارٹر حیدرآباد کے علاوہ آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد (مہاراشٹر)، اعظم گڑھ، سنبھل، لکھنؤ (اتر پردیش)، بنگلورو، بیدر (کرناٹک)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، کٹک (اڈیشہ)، دربھنگہ، کشن گنج، پٹنہ (بہار)، دہلی (این سی آر)، گواہاٹی (آسام)، کڑپہ (آندھراپردیش)، سری نگر (جموں وکشمیر) میں منعقد ہوں گے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر